# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 23 July-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۳/جولائی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

**:::::::سرخیاں:::::::**

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ آپریشن سندور اور بہار میں فہرست رائے دہندگان پر نظرِ ثانی کے موضوعات پر دوسرے دن بھی پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی متاثر۔

☆ اپاچے ہیلی کاپٹرس کی پہلی کھیپ بھارت پہنچی ۔فضائیہ کی طاقت و استعداد میں ہوا اضافہ۔

☆ ممبئی مضافاتی ٹرینوں میں بم دھماکے سے متعلق مقدمے کی کل عدالتِ عظمیٰ میں ہوگی سماعت۔

☆ ریاست میں کسانوں کیلئے ’’کرشی سمردھی یوجنا‘‘ کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ کے بیشتر اضلاع میں بارش، پربھنی ضلع کے کچھ حصوں میں شدید بارش کا اندراج۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

مختلف موضوعات کو لیکر حزبِ مخالف اراکین کی ہنگامہ آرائی کے باعث پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی کل مسلسل دوسرے دن بھی متاثر ہوئی۔لوک سبھا کی کارروائی دوبارہ شروع ہونے پر اسپیکر نے وقفۂ سوالات طلب کیا۔تاہم، مخالف اراکین نے آپریشن سندور اور بہار میں فہرست رائے دہندگان پر نظرِ ثانی کے مطالبات سمیت مختلف موضوعات پر بحث کا مطالبہ کرتے ہوئے نعرے بازی شروع کردی۔اسپیکر کی بار بار درخواست کے باوجود ہنگامہ آرائی ختم نہ ہونے پر ایوان کی کارروائی پہلے دو بار اور بعد میں دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔

راجیہ سبھا میں بھی حزبِ اختلاف کی جماعتوں کی جانب سے ان ہی مطالبات کو لیکر ہنگامہ آرائی کے سبب چیئرمن نے ایوان کی کارروائی پہلے دوپہر دو بجے تک اور بعد میں دن بھر کیلئے ملتوی کردی۔

***** ***** *****

امریکہ کے اَپاچے ہیلی کاپٹرس کی پہلی کھیپ کل بھارت پہنچ گئی۔اس مرحلے میں فضائیہ کے بیڑے میں تین ہیلی کاپٹرس شامل ہوئے۔ان کی بھاری اسلحہ جاتی صلاحیت اور انتہائی جدید جنگی صلاحیتوں کی وجہ سے ان ہیلی کاپٹروں کو فضائی رَن گاڑے کہا جاتا ہے۔یہ ہیلی کاپٹر بھارتی فضائیہ کی طاقت و استعداد کو مزید وسعت دیں گے۔

***** ***** *****

سال 2006 میں ممبئی کی مضافاتی ریلوے گاڑیوں میں سلسلہ وار بم دھماکوں کے مقدمات میں ماخوذ تمام 12 ملزمان کو بری کرنے کے بامبے ہائی کورٹ کے فیصلے کو مہاراشٹر حکومت نے عدالتِ عظمیٰ میں چیلنج کیا ہے۔کل 24 جولائی کو عدالتِ عظمیٰ اس معاملے کی سماعت کرے گی۔بامبے ہائی کورٹ نے ایک دن پہلے دیئے گئے اپنے فیصلے میں تحقیقاتی ایجنسیوں کی جانب سے ان ملزمان کے خلاف ایک بھی جرم ثابت کرنے میں ناکام رہنے کا مشاہدہ کیا تھا۔

***** ***** *****

حکومت نے ریاست کے کسانوں کیلئے ''کرشی سمردّھی یوجنا'' یعنی زرعی خوشحالی اسکیم کا اعلان کیا ہے۔ اس سے متعلق سرکاری حکمنامہ کل جاری کیا گیا۔ وزیرِ زراعت مانک راؤ کوکاٹے نے بتایا کہ اس اسکیم کے تحت زرعی شعبے میں ہر سال پانچ ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی جائے گی۔ وہ گزشتہ روز ناسک میں ایک اطلاعی کانفرنس سے مخاطب تھے۔ اس بارے میں مزید معلومات دیتے ہوئے کوکاٹے نے بتایا کہ اس فیصلے کو ریاستی کابینہ نے پہلے ہی منظوری دی تھی، تاہم آج اس سے متعلق سرکاری اعلامیہ جاری کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کے ہاتھوں کل گڈ چرولی میں مختلف منصوبوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا گیا۔ ان میں ایم ٹی پی اے اسٹیل پروجیکٹ، کونسری میں 100 پلنگوں پر مشتمل اسپتال، سی بی ایس ای اسکول کا سنگ بنیاد، سومن پلی میں لائیڈس ٹاؤن شپ، ہیڈری سے کونسری تک سلری پائپ لائن وغیرہ شامل ہیں۔ اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ حکومت گڈ چرولی کی آبی، زمینی اور جنگلاتی دولت کے تحفظ کے اقدامات کر رہی ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کی سالگرہ کل مختلف سماجی سرگرمیوں کے ذریعے منائی گئی۔ وزیرِ اعلیٰ کی سالگرہ کی مناسبت سے بھارتیہ جنتا پارٹی کی جانب سے کل ریاست کے تمام ڈویژنوں میں بڑے پیمانے پر عطیہ خون کی فلاحی سرگرمی پر عمل درآمد کیا گیا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے متعدد علاقوں میں کل زوردار بارش ہوئی۔ پربھنی ضلعے کے پاتھری، سون پیٹھ اور مانوت تعلقہ جات میں کل شدید بارش ہوئی۔ رکنِ اسمبلی راجیش وِٹیکر اور علاقائی منتظم سنگیتا چوہان نے تعلقہ انتظامیہ کے ساتھ بارش سے متاثرہ دیہاتوں کا دورہ کر کے معائنہ کیا۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ پاتھری تعلقے کے چاروں تحصیل ڈویژنوں میں بھاری بارش درج کی گئی ہے، کاساپوری تحصیل ڈویژن میں سب سے زیادہ 215 ملی میٹر بارش درج کی گئی۔ اس بارش سے خریف کی فصلوں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچنے کی اطلاع ہے۔ ڈھالے گاؤں کے بالائی آبی پشتوں سے گوداوری ندی میں پانی چھوڑنے کی وجہ سے ندیوں اور نالوں میں سیلابی کیفیت پیدا ہوگئی۔ حد گاؤں میں پانی درآنے سے کچھ مکانات کو نقصان پہنچا، تعلقہ انتظامیہ کی جانب سے متاثرہ مکانات کا معائنہ کرنے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

ہنگولی ضلعے کے سین گاؤں تعلقے کے بیرڈا میں واقع مندر سیلابی پانی سے گھر گیا تھا۔ اس مندر میں پھنسے تین لوگوں کو انتظامیہ کے راحتی دستوں نے بچالیا۔

چھترپتی سمبھا جی نگر شہر سمیت ضلع بھر میں کل شام موسلا دھار بارش ہوئی۔ ساتھ ہی بیڑ ضلعے کے چھ تحصیل ڈویژنوں میں بھی موسلا دھار بارش درج کی گئی۔ جبکہ ناندیڑ ضلعے میں کل 17 اعشاریہ 40 ملی میٹر بارش کا اندراج کیا گیا۔ دھاراشیو ضلعے کے اِٹکڑ اور بھوم تحصیل میں جبکہ جالنہ ضلعے کے آٹھ تحصیلوں میں زوردار بارش درج کی گئی۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

آج 98 واں بھارتی نشریاتی دن منایا جارہا ہے۔ 23 جولائی 1927 کو ممبئی اسٹیشن قائم کر کے نشریات کا آغاز کیا گیا تھا۔ اس مناسبت سے 23 جولائی کو قومی یوم نشریات کے طور پر منایا جاتا ہے۔

''اطالوی سائنسداں مارکونی' انیسویں صدی کے آخر میں ریڈیو سازی کی اپنی کوشش میں کامیاب ہوا تھا اور بیسویں صدی کا آغاز ہوتے ہی ریڈیو کی صدا پوری دنیا میں گونجنے لگی تھی۔ بھارت میں بھی ریڈیو کی آمد ہوئی اور جون 1923 میں بامبے پریسیڈینسی ریڈیو کلب نے دوسرے کلبس[4] کے ساتھ ساتھ پروگرام کی نشریات کا آغاز کیا۔ انڈین براڈ کاسٹنگ کمپنی کو ممبئی اور کولکاتہ میں ریڈیو اسٹیشن چلانے کی اجازت دی گئی اور 23 جولائی 1927 کو ممبئی میں بھارت کا پہلا ریڈیو اسٹیشن قائم ہوا۔ تب سے یہ ریڈیو اسٹیشن معلومات اور تفریحی میدان میں گرانقدر خدمات انجام دے رہا ہے۔ 'بہوجن ہتائے' بہوجن سکھائے کے نعرے کو اپناتے ہوئے اسمتا' ایف ایم ریڈیو' ایف ایم گولڈ اور مقبولِ عام ویودھ بھارتی جیسے چینلز سے روزانہ مختلف پروگرام نشر کیے جا رہے ہیں۔''

ممبئی مرکز کی تاسیس کے موقع پر آج خصوصی پروگرام نشر کیے جائیں گے۔ جس کے باعث ہمارے مرکز سے شام کو نشر ہونے والا خبرنامہ آج شام چھ بجکر دس منٹ کی بجائے چار بجکر 20 منٹ پر نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

صفائی سروے 2024 میں چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن نے ملک میں 25 واں مقام حاصل کیا ہے۔ کھلی جگہ پر رفع حاجت سے پاک شہروں کے زمرے میں شہر کو واٹر پلس کا سرفہرست درجہ حاصل ہوا ہے، جبکہ کچرے سے پاک شہر کے زمرے میں شہر کو ایک اسٹار ملا ہے۔ میونسپل ایڈمنسٹریٹر و کمشنر جی شری کانت نے اس مقابلے میں ملک کے سرِفہرست دس شہروں میں مقام بنانے کیلئے ضروری تقاضوں کو پورا کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے بیڑ ضلعے کے پرلی ویجناتھ میں ویٹرنری ڈگری کالج اور مویشی پروری مرکز کے قیام کیلئے لونی میں 122 ایکڑ اراضی اور پرلی میں 50 ایکڑ اس طرح مجموعی طور پر 172 ایکڑ سرکاری زمین فراہم کی ہے۔ ناگپور کے مہاراشٹرا اینیمل اینڈ فشریز سائنسز یونیورسٹی کے تحت یہ کالج قائم کیا جائے گا۔

***** ***** *****

خواتین کی کرکٹ میں بھارت نے انگلینڈ کے خلاف تین ایک روزہ میچوں کی سیریز دو۔ ایک سے جیت لی ہے۔ کل کھیلے گئے سیریز کے آخری میچ میں بھارتی خواتین ٹیم نے 13 رنز سے کامیابی درج کی۔ بھارت کی جانب سے مقررہ 319 رنز کے ہدف کے تعاقب میں انگلینڈ کی ٹیم 305 رنز ہی بنا سکی۔ ہرمن پریت کور کو میچ اور سیریز کے بہترین کھلاڑی کے اعزاز سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان جاری اینڈرسن۔ ٹینڈولکر ٹرافی کا چوتھا ٹیسٹ میچ آج سے مانچسٹر میں کھیلا جائے گا۔ یہ مقابلہ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ بھارت اس وقت پانچ میچوں کی سیریز میں ایک دو سے پیچھے ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو کے ایس ٹی کارپوریشن کے علاقائی دفتر کے انجینئر ششی کانت اُبالے کو پانچ ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے انسدادِ رشوت ستانی دستے نے گرفتار کرلیا۔ ایک پارکنگ کی جگہ کا قبضہ دینے کیلئے ملزم نے یہ رشوت طلب کی تھی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں کل پنڈت دین دیال اپادھیائے روزگار میلہ منعقد ہوا۔ مختلف نامور کمپنیوں کے نمائندوں نے اس میلے میں موجود امیدواروں کے انٹرویو لیے اور 176 امیدواروں کا انتخاب کیا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ آپریشن سندور اور بہار میں فہرست رائے دہندگان پر نظرِ ثانی کے موضوعات پر دوسرے دن بھی پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی متاثر۔

☆ اپاچے ہیلی کاپٹرس کی پہلی کھیپ بھارت پہنچی ۔فضائیہ کی طاقت و استعداد میں ہوا اضافہ۔

☆ ممبئی مضافاتی ٹرینوں میں بم دھماکے سے متعلق مقدمے کی کل عدالتِ عظمیٰ میں ہوگی سماعت ۔

☆ ریاست میں کسانوں کیلئے ''کرشی سمردھی یوجنا'' کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ کے بیشتر اضلاع میں بارش، پربھنی ضلع کے کچھ حصوں میں شدید بارش کا اندراج۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****